موبائل فون پالیسی

پالیسی

2020 سے وکٹوریا کے تمام سرکاری سکول ایک نئی موبائل فون پالیسی پر عملدرآمد کے پابند ہیں۔ یہ پالیسی لازم قرار دیتی ہے کہ سکول لائے جانے والے تمام موبائل فون، سکول کے اوقات کے دوران آف کر کے محفوظ طریقے سے بند جگہ پر رکھے جائیں۔

اس پالیسی کا مقصد یہ فراہم کرنا ہے:

- طالبعلموں کے لیے سیکھنے کا محفوظ ماحول، جس میں موبائل فون کا نامناسب استعمال (سائبربلنگ سمیت) یا دھیان بٹانے والی چیزیں نہ ہوں
- تفریح اور کھانے کے وقفوں میں سماجی واسطے اور جسمانی سرگرمی کے زیادہ مواقع

تحقیق

نئی موبائل فون پالیسی تحقیق کی روشنی میں تشکیل دی گئی ہے جس سے سامنے آیا ہے کہ موبائل فون کمرۂ جماعت میں خلل پیدا کر سکتے ہیں اور سکول میں انکا غلط استعمال ہو سکتا ہے۔ تحقیق سے یہ بھی پتا چلا ہے کہ کمرۂ جماعت میں موبائل فون کی بے ضابطہ موجودگی سے طالبعلموں کی سوچنے، سیکھنے، یاد رکھنے، توجہ دینے اور جذبات پر کنٹرول کی اہلیت کمزور ہو سکتی ہے۔ اس تحقیق کا خلاصہ ڈیپارٹمنٹ آف ایجوکیشن اینڈ ٹریننگ کی ویب سائیٹ www.education.vic.gov.au پر دستیاب ہے (mobile phones لکھ کر سرچ کریں)۔

اکثر پوچھے جانے والے سوالات

کیا اب بھی طالبعلم سکول میں موبائل فون ساتھ لا سکتے ہیں؟

طالبعلم سکول میں موبائل فون ساتھ لا سکتے ہیں لیکن سکول کے اوقات میں اسے آف کر کے محفوظ طریقے سے بند جگہ پر رکھنا ہو گا۔ اگر والدین کو بچوں سے رابطہ کرنے کی ضرورت ہو تو وہ سکول کے دفتر کے ذریعے رابطہ کر سکتے ہیں۔

کیا فون کے استعمال کے سلسلے میں کسی قسم کا استثناء دیا جا سکتا ہے؟

نئی موبائل فون پالیسی بہت کم صورتوں میں استثناء کا موقع دیتی ہے۔ مثال کے طور پر اگر صحت کے کسی مسئلے کو سنبھالنے کے لیے یا کمرۂ جماعت میں سیکھنے میں مدد کے لیے موبائل فون استعمال کرنا ہو تو اجازت مل سکتی ہے۔ اساتذہ کمرۂ جماعت میں سیکھنے کے سلسلے میں استثناء دے سکتے ہیں۔ دوسری تمام قسموں کے استثناء سکول کا پرنسپل دے سکتا ہے۔ استثناء کے بارے میں مزید معلومات آپکے بچے کے سکول سے مل سکتی ہیں۔

اگر سکول کے اوقات میں طالبعلم موبائل فون استعمال کرتے ہوئے پکڑا گیا تو اسکے نتائج کیا ہوں گے؟

جو طالبعلم سکول میں اپنا موبائل فون استعمال کریں گے، ان کے ساتھ انکے سکول کی موجودہ نظم و ضبط کی پالیسیوں کے مطابق سلوک کیا جائے گا۔ آپکے بچے کا سکول اس بارے میں مزید معلومات دے سکتا ہے۔

کیا نئی پالیسی دوسرے موبائل آلات جیسے سمارٹ واچ کے لیے بھی اطلاق پاتی ہے؟

فی الحال نئی پالیسی سمارٹ واچ کی طرح جسم پر پہنی جانے والی ٹیکنالوجیوں اور/یا آئی پیڈ پر لاگو نہیں ہوتی۔ اگر یہ چیزیں سکول لائی جائیں تو نوٹیفیکیشنز کو آف رکھنا ضروری ہے۔ سکول یہ انتخاب کر سکتے ہیں کہ اپنے مقامی سکول کی پالیسی میں ایسے آلات کے استعمال پر پابندیاں شامل کریں۔

مزید معلومات کے لیے

مقامی سکول کی موبائل فون پالیسی حاصل کرنے کے لیے اپنے بچے کے سکول سے رابطہ کریں۔